نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ کا پہلا روز مکمل

لاہور، 5 نومبر 2020 :

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں جاری میچ میں محمد وقاص اور کپتان محمد حریرہ کی شاندار بیٹنگ کی بدولت سنٹرل پنجاب نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے اپنی پہلی اننگز میں 80 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 315 رنزبنالیے ہیں۔ محمد وقاص 21 چوکوں کی مدد سے 124 رنز بناچکے ہیں۔ ارحم نواب 18 رنز بناکر ناٹ آؤٹ ہیں۔ اس سے قبل سدرن پنجاب کی دعو ت پر سنٹرل پنجاب کی جانب سے بیٹنگ کا آغاز کرنے والے کپتان محمد حریرہ نے 127 گیندوں پر 16 چوکوں کی مدد سے 98 رنز کی اننگز کھیلی۔ سدرن پنجاب کے اویس عباس اور محمد شہزاد نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

مبصر خان کی آلراؤنڈ کارکردگی کی بدولت مریدکے کنٹری کلب میں جاری میچ کا پہلا روزمبصر خان کی آلراؤنڈ کارکردگی کی بدولت ناردرن کے نام رہا۔ ناردرن کو اپنی پہلی اننگز میں خیبرپختونخوا کے خلاف سبقت حاصل کرنے کے لیے مزید تین رنز درکار ہیں جبکہ اس کی ابھی 6 وکٹیں باقی ہیں۔ خیبرپختونخوا کے 113 رنز کے جواب میں ناردرن کی ٹیم نے میچ کے پہلے روز کھیل کے اختتام پر 4 وکٹوں کے نقصان پر 111 رنز بنالیے ہیں۔ مبصر خان 58 اور کپتان رضا المصطفیٰ 29 کے انفرادی اسکور سے میچ کے دوسرے روز کا آغاز کریں گے۔ اس سے قبل خیبرپختونخوا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تو اس کی پوری ٹیم 33.4 اوورز میں 113 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ مبصر خان اور عادل ناز نے 3،3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ کھائی۔ ناصر فراز 58 رنز بنا کر نمایاں رہے۔

ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور میں جاری میچ کے پہلے روز سندھ نے بلوچستان کے 161 رنز کے جواب میں اپنی پہلی اننگز میں 160 رنز بنالیے ہیں اور اس کی ابھی 6 وکٹیں باقی ہیں۔ غازی غوری 54 اور عدیل میو 19 رنز بناکر ناٹ آؤٹ ہیں۔ بلوچستان کے کبیر راج 2 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔ اس سے قبل بلوچستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تو عالیان محمود اور عدیل میو کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت بلوچستان کی پوری ٹیم 161رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ عالیان محمود نے 71 رنز کے عوض 4

جبکہ عدیل میو اور عاصم علی نے بالترتیب 24 اور 27 رنز دے کر 3،3 وکٹیں اپنے نام کیں۔بلوچستان کے کپتان ابراہیم سینئر 50 اور اوپنر حسیب اللہ 37 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

About the National U19 Three-Day Tournament

- *The National Three-Day Cricket Tournament 2020-21 for the teenagers will be played from 5 November and the final, a four-day affair to be played at the Gaddafi Stadium, will begin on 26 November*
- *Three cities will host 16 matches at four venues, namely Country Club Ground, Muridke (2); Gaddafi Stadium, Lahore (6); LCCA Ground, Lahore (5); Rana Naveed Academy, Sheikhupura (3). Detailed schedule is here*
- *PKR2.5million are up for grabs in the tournament as the winning team will bag PKR1.5million and the best performers will receive PKR50,000 each*
- *Sindh will be defending the title they won after defeating Northern by seven wickets in Sheikhupura*
- *To ensure health and safety of the players and all those involved, the tournament is played under strict Covid-19 protocols*
- *The tournament serves as a platform for the up and coming cricketers to impress the selectors and stake a claim in Pakistan U19 side. The six Cricket Association U19 squads are available here*

HELP PREVENT CORONAVIRUS

National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4